# BUDC-112

## B.A. Hons. (Urdu)

## (BAUDH)

### Term-End Examination

### June, 2025

### BUDC-112 : Special Study of Allama Iqbal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ علامہ اقبال کی سوانحی عمری کے اہم پہلوؤں پر





تفصیلی روشنی ڈالیے اور ان کی زندگی کے نمایاں واقعات کو بیان کیجئے۔ ۲۰

یا

اقبال کی اردو اور فارسی تصانیف سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

۲۔ اقبال کے زمانے کے سیاسی حالات نے ان کی شاعری پر کس طرح اثر ڈالا ؟ تفصیل سے وضاحت کیجئے۔ ۲۰

یا

عشق کا اقبال کے فلسفہ حیات میں کیا مقام ہے؟ ان کی شاعری سے مثالیں پیش کیجئے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

(حصہ ب)

۳۔ اقبال کی شاعری میں حرکت و عمل کے تصور کا جائزہ اور اس تصور کی عملی تطبیق پر بحث کیجیے۔ ۱۵

یا

اقبال کی شاعری میں قومیت اور حب الوطنی کے عناصر کس طرح شامل ہیں ؟ وضاحت کیجیے۔

۴۔ اقبال کی قطعات اور خطوط نگاری کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔ ۱۵





یا

اقبال کے معاصرین سے متعلق اپنی معلومت کا اظہار کیجیے۔

(حصہ ج)

۵۔ اقبال کی شاعری میں خودی اور بیخودی کے تصورات کا موازنہ کیجیے۔ ۱۰

یا

اقبال کی غزل گوئی کے منفرد پہلوؤں کو بیان کیجیے۔

۶۔ ''ایک آرزو'' کے فکری پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

اقبال کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۷۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ ۱۰

تو ابھی رہ گزر میں ہے قید مقام سے گزر
مصر و حجاز سے گزر پارس و شام سے گزر
جس کا عمل ہے بے غرض اس کی جزا کچھ اور ہے
حور و خیام سے گزر بادہ و جام سے گزر
گرچہ ہے دل کشا بہت حسن فرنگ کی بہار
طائرک بلند بام دانہ و دام سے گزر
کوہ شگاف تیری ضرب تجھ سے کشاد شرق و غرب





تیغ ہلال کی طرح عیش نیام سے گزر
تیرا امام بے حضور تیری نماز بے سرور
ایسی نماز سے گزر ایسے امام سے گزر
کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباس مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبین نیاز میں
طرب آشنائے خروش ہو تو نوا ہے محرم گوش ہو
وہ سرود کیا کہ چھپا ہوا ہو سکوت پردۂ ساز میں
تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئنہ ہے وہ آئنہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہ آئنہ ساز میں
دم طواف کرمک شمع نے یہ کہا کہ وہ اثر کہن



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

نہ تری حکایت سوز میں نہ مری حدیث گداز میں

نہ کہیں جہاں میں اماں ملی جو اماں ملی تو کہاں ملی

مرے جرم خانہ خراب کو ترے عفو بندہ نواز میں

نہ وہ عشق میں رہیں گرمیاں نہ وہ حسن میں رہیں شوخیاں

نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی نہ وہ خم ہے زلف ایاز میں



Downloaded from www.IGNOUBABA.com